
www.novelsclubb.com
ایک تھا مسلم
سید خضر
Pdf available at
www novelsclubb com
FB INSTA
novelsclubb

# السلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

# ایک تھا مسلم

از

سید خضر

www.novelsclubb.com

(یہ ایک کہانی ہے جو شاعرانہ انداز میں لکھی گئی ہے، لیکن یہ ہر گز ایک کہانی یا نظم نہیں۔ براہ مہربانی اس کہانی کو کہانی کے انداز میں پڑھا اور جانچا جائے)

وہ کھڑی ہے

اور تلاش میں ہے

اسے امید ہے

جیت کی

مگر ڈر ہے

مات کا۔

جہاں سکوت ہے سارے میں

www.novelsclubb.com

وہاں ساکن سی کھڑی ہے وہ

اور ایک چادر ہے

جو ہے سینے سے لپٹی ہوئی۔

اسکا پہن پرانا ہے

یا شاید ہو چکا ہے

اور وہ یہ جانتی ہے

مگر اسے

پروا نہیں

کسی بھی چیز کی

جو اس سے غیر ملسلک ہو

www.novelsclubb.com

اسے پرواہ ہے

تو بس اک اعلان کی

جو خبر لائے گا

ایک مسلم کی۔

وہ دیکھتی ہے

کہ سب دیکھ رہے ہیں

ایک دوسرے کو

چہرے سب کے ملال زدہ

اور دل خوفزدہ

www.novelsclubb.com

سب ہیں انتظار میں

ایک اعلان کے

مگر وہ ہے انتظار میں

ایک اعلان کے

جو ہے الگ

فکر ہے جسکی صرف اس کو

www.novelsclubb.com

لمحہ بیتتا ہے

مگر سب ہے وہی

جو تھا

لمحے سے پہلے

اور لمحے کے بعد

ابھی بھی،

سب ہیں منتظر

ایک اعلان کے

اور سوچ رہے ہیں

کہ کیا ہے یہ پناہ گاہ

یا پھر

ان سب کی آخری آرام گاہ؟

سکھ کے نعارے

دھوپ میں دفن ہوتے جا رہے ہیں

www.novelsclubb.com

اور وہ انتظار سے

دفن ہوتے جا رہے ہیں

سکوت میں۔

انہیں ہمت تھی دکھانی

مگر بے جان زندان میں کون نکالتا ہے آواز

www.novelsclubb.com

جب سکوت ہی ہے،

سب سے خوفناک چیخ؟

وہ بھوکے تھے، اب مر رہے



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

صبح کے سورج اب ڈھل رہے

انتظار اذیت ہے

مگر غرض انہیں بھی نہیں۔

ہے اگر غرض،

تو بس

ایک اعلان سے

آزادی، اس غلامی سے۔

www.novelsclubb.com

مگر وہ نہیں جانتے

کہ قید پرندہ

ہوتا ہے آزاد جب

اور لوٹتا ہے آسماں کو

تو بھٹک جاتا ہے راستہ

اور ہوتا نہیں گماں اسے

کہ کیا واقعی،

وہ آزاد ہے؟

یہ اب ہے

اپنے ہی حصار کی قید میں؟

www.novelsclubb.com

خستہ دروازہ کھلتا ہے جب

اندر آتا ہے پھر کوئی تب

اسے محسوس ہوتا ہے

کہ لایا ہے وہ

ایک خبر

جس کی منتظر صرف ہے وہ

شاید اور کوئی نہیں۔

اسکے قدم ہیں اسی کی جانب

اور اب گھٹنے لگا ہے دم اسکا

ڈر سے

کہ شاید

خبر نہیں ہے

اسکے مطابق

www.novelsclubb.com

اور اب اسے نہیں سننا کوئی اعلان

وہ چاہتی ہے جینے کی مہلت تھوڑی اور

زندگی بڑی کمبخت ہے،

وہ سنا دیتا ہے خبر اسکو

اور

اسکی سانسیں کھینچ لیتا ہے لفظوں سے

یہ دل سے دل کا راستہ

بھی ہے کتنا کٹھن

کہ خبر سن کے بھی ٹوٹتا نہیں۔

یہ محبت ہے

اس سے

یہ چاہت ہے

اس سے

کتنا خوبصورت تھا جھلا"

جب ہاتھوں کو چومتے

وعدہ کیا تھا۔۔۔

کہ وہ آئے گا۔

میری قسم کھائی تھی اسنے اسکی،

"پھر مر وہ کیوں گیا؟

وہ سوچ رہی ہے،

اور سوچ رہی ہے


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اور سوچ رہی ہے

اور ساکت ہے۔

باہر شور سا ہے،

جشن کا شاید

اندر بھی دل کے شور کا ہے

www.novelsclubb.com

سوگ کا شاید؟

ایک مائی آتی ہے قریب اسکے

اور پوچھتی ہے

کہ "کیا غم ہے تجھے

"جب فضاوں میں ہے آزادی اور خوشی؟

سوال مکمل ہے، اور جواب ادھورہ

دل ہے جزبوں سے بھاری، اور لب ہیں سلے ہوئے

وہ تلاش میں ہے

کسی ملت بیضا کے

جو سمجھ سکے

حال دل اسکا

اور ڈھونڈے

جواب اسکا

www.novelsclubb.com

ڈھونڈے

فضاء اسکی

اور ڈھونڈے

آزادی اسکی

ہو گیا تھا اعلان

جسکی تھی سب کو تلاش

اب سانسیں ہوئی تھیں بحال

آزاد ہوا دیس

مگر کر گیا قید

سانسیں بہت سی

www.novelsclubb.com

اب رہے گا غم

قدم بہ قدم

آزاد ہوا دیس

مگر کر گیا قید

دلوں کو بہت سے۔

ہاں آزاد ہوا دیس

مگر دکھ ہے بے ریا

اور کتنی ہی ہیں آنکھوں

نم کندن کی۔۔۔

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

توڑ دیا وعدہ مسلم نے

واپس آنے کا

کر دیا رشتہ ترک،

یک طرفہ تو رپہ

کہنا بھول گیا وہ بھی

خدا حافظ،

www.novelsclubb.com

اس سے جدا نا ہوئے ہیں

ہاں ویران ہیں آنکھیں، مگر نم تو نہیں

ہے غم بلکل مگر

ہے اب غلامی و ستم تو نہیں


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

مسکراہٹ ہے ایک مدھم سی

کہ ہاں بنا ہے پاکستان،

بیسوں کے خونوں سے

ایک تھا مسلم

شامل جوان بیسوں میں۔۔۔

☆☆☆

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM